فرڈینینڈ سیگلن

پرتگیزی مہم جو فرڈینینڈ سیگلن کی وجہ شہرت اس کا زمین کے گرد بحری چکر مکمل کرنے کا کارنامہ ہے۔ اس کا مہم تمام انسانی تاریخ میں انتہائی غیر معمولی مہم جویانہ سفر ہے۔ پورا سفر تین برسوں میں مکمل ہوا۔ ان پانچ مختصر، بے ڈھنگی، کمزور کشتیوں میں سے جن کے ساتھ سیگلن نے اپنے سفر کا آغاز کیا، صرف ایک ہی حفاظت سے واپس یورپ پہنچ سکی۔

جبکہ 265 افراد کے عملہ میں سے فقط اٹھارہ زندہ واپس آسکے۔ سیگلن خود ان افراد میں شامل تھا جو دوران سفر ہلاک ہوئے۔ تاہم آخر میں مہم کامیاب ثابت ہوئی۔ اور یہ بات کسی شک وشبہ کے بغیر مان لی گئی کہ دنیا دائروی ہے۔ یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ مہم کی کامیابی بنیادی طور پر سیگلن کی قیادت اور اس کے آہنی ارادے کے باعث ممکن ہوئی۔

چند ماہ کے سفر کے بعد ہی متعدد افراد نے واپسی کا مطالبہ کیا۔ سیگلن کو سفر جاری رکھنے کے لیے ملاحوں میں ہونے والی بغاوت کا سر کچلنا پڑا۔ اُس کی مہارت اور استقلال کے پیش نظر اسے تمام جہاز رانوں اور مہم جوؤں میں عظیم تر قرار دیا جاتا ہے۔

اس کے کارنامہ کے حقیقی اثرات البتہ مختصر تھے۔ باشعور یورپی افراد اچھی طرح سے جانتے ہیں کہ زمین گول ہے۔ نہ ہی وہ راستہ جس پر سیگلن نے سفر کیا، کوئی اہم تجارتی راستہ ہی بن سکا۔ واسکوڈے گاما کے سفر کے برعکس سیگلن کے سفر نے نہ یورپ پر کچھ اثرات ثبت کیے اور نہ مشرق پر۔ اس کے اسی کارنامے نے اسے لازوال شہرت دی۔